# پاسبانی خط برائے آمد 2014

## مسیح میں میرے ہمخدمت بھائیو! بہنو اور بھائیو!

اِس وقت جب ہم ایک کلیسیائی سال کو ختم کرتے اور نئے کلیسیائی سال کو شروع کرتے ہیں تو یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم اُن دو بڑے واقعات کی آمد پر بھی پھر سے غور کریں جن کے متعلق اِبتداء سے پہلے سے خُدا نے بتا دیا تھا۔ پہلا جو خُدا کی طرف سے بھیجا گیا جس کے مطابق ہمارا خُداوند اور نجات دہندہ یسُوع مسیح ایک کنواری سے پیدا ہوا۔ جس نے خُدا کے دُشمنوں یعنی گُناہ، موت اور قبر پر غالب آ کر اپنے مِشن کو مکمل کیا اور پھر اپنے باپ کے تخت کے پاس اُوپر چلا گیا تا کہ وہ ہمارا سردار کاہن ہو تا کہ وہ ہمیں مُفت فضل کے ذرائع دے۔ تا کہ دُنیا کو یہ موقع مل جائے کہ وہ اُن بہت سی برکتوں کو حاصل کرنے کی تیاری کریں جو کہ اُس کی دوسری آمد کے متعلق پشینگوئی میں پائی جاتی ہیں۔ زمین پر اُس کی واپسی بھی اُس کے باپ کی مرضی کے مطابق ہو گی۔

متی 36:24 آیت:

''لیکن اُس دِن اور اُس گھڑی کی بابت کوئی نہیں جانتا۔ نہ آسمان کے فرشتے نہ بیٹا مگر صرف باپ۔''

پہلی آمد کا مطلب بہت سارے طریقوں سے ختم ہو چُکا ہے کیونکہ خُدا کے لوگوں نے یعنی یہودی قوم نے خُدا کی نافرمانی کی اور اِس واقعہ سے پہلے چار سو سال تک خُدا نے نبیوں کے ذریعہ اُن سے کلام کرنا چھوڑ دیا اور اُن کو کوئی نشان بھی نہ دیا۔ وہ اپنی نظر سے ہی چلتے رہے جبکہ 2- کرنتھیوں 7:5 آیت میں ہمیں بتایا گیا ہے: ''کیونکہ ہم اِیمان پر چلتے ہیں نہ کہ آنکھوں دیکھے پر۔'' اور اَب ہم خُدا کے کلام پر بڑے صاف طور پر اِیمان رکھتے ہیں جو رُوح القدس کے ذریعے مسیح کی واپسی تک قائم ہے۔

عبرانیوں 1:2 آیت:

''اِس لئے جو باتیں ہم نے سُنیں اُن پر اور بھی دِل لگا کر غور کرنا چاہیے تا کہ بہہ کر اُن سے دُور نہ چلے جائیں۔''

اگر چہ خُدا نے چار سو سال تک کلام نہ کیا۔ وہ اِبتداء سے ہی پہلی آمد کی ہمیشہ تصدیق کرتا رہا۔

پیدائش 15:3 آیت:

''اور مَیں تیرے اور عورت کے درمیان اور تیری نسل اور عورت کی نسل کے درمیان عداوت ڈالوں گا۔ وہ تیرے سر کو کُچلے گا اور تُو اُس کی ایڑی پر کاٹے گا۔''

پیدائش 10:49 آیت:

''یہوداہ سے سلطنت نہیں چُھوٹے گی اور نہ اُس کی نسل سے حکومت کا عصا موقُوف ہوگا۔ جب تک شیلوہ نہ آئے اور قومیں اُس کی مُطیع ہوں گی۔''

زبور 2:45 آیت:

''تُو بنی آدم میں سب سے حُسین ہے۔ تیرے ہونٹوں میں لطافت بھری ہے۔ اِس لئے خُدا نے تجھے ہمیشہ کے لئے مبارک کیا۔''

یسعیاہ 14:7 آیت:

''لیکن خُداوند آپ تم کو ایک نشان بخشے گا۔ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہو گی اور بیٹا پیدا ہو گا اور وہ اُس کا نام عمانوایل رکھے گی۔''

زکریاہ 12:6 آیت:

''اور اُس سے کہہ کہ ربّ الافواج یوں فرماتا ہے کہ دیکھ وہ شخص جس کا نام شاخ ہے اُس کے زیرِ سایہ خوش حالی ہو گی اور وہ خُداوند کی ہیکل کوتعمیر کرے گا۔''

پہلی آمد کےمتعلق اور بھی بہت سی پشینگوئیاں دیکھی جا سکتی ہیں۔ پولوس رسول نے اِن لوگوں کوتنبیہہ کی کہ چونکہ اُنہوں نے خُدا کے کلام کے مطابق یسُوع مسیح کو قبول نہیں کیا اِس لئے اُنہیں نبیوں کی پشینگوئیوں اور تنبیہہ کو قبول کرنا چاہیے۔ یہ اُن سب لوگوں کے لئے بھی ہے جو آج دوسرے واقعہ کی آمد کا اِنتظار کرتے ہیں۔

اعمال 40:13 تا 41 آیت:

''پس خبردار! ایسا نہ ہو کہ جو نبیوں کی کتاب میں آیا ہے وہ تم پر صادِق آئے کہ اَے تحقیر کرنے والو! دیکھو۔ تعجب کرو اور مِٹ جاؤ کیونکہ میں تمہارے زمانہ میں ایک کام کرتا ہوں۔ ایسا کام کہ اگر کوئی تم سے بیان کرتے تو کبھی اُس کا یقین نہ کرو گے۔''

خُدا نے یہودی قوم کو چُن لیا تھا کہ وہ اُس کے بیٹے کے لئے دُلہن ہو۔ یہودی شادی کے مطابق جب باپ دُلہا کو اپنی دُلہن لانے کے لئے بھیجتا ہے اور دُلہن تیارنہیں ہوتی تو دُلہا کا حق ہوتا تھا کہ وہ خوداپنی دُلہن کا اِنتخاب کرے۔ ہمیں کتنا زیادہ شُکرگزار ہونا چاہیے کہ ہمارے خُداوند نے اِس حق کو اِستعمال کیا۔

زبور 8:2 آیت:

''مجھ سے مانگ اورمَیں قوموں کو تیری میراث کے لئے اور زمین کے اِنتہائی حِصّے تیری ملکیت کے لئے تجھے بخشوں گا۔''

صلیب پر اُس نے یہ اِلفاظ کہے۔

لوقا 34:23 آیت:

''یسُوع نے کہا اَے باپ! اِن کو معاف کر کیونکہ یہ نہیں جانتے کہ کیا کرتے ہیں۔''

اُس نے اپنی محبت میں ہر قبیلے، ہرقوم اور ہر زبان کے لوگوں کے لئے جو اپنے آپ کو تیار کریں۔ یہ موقعہ دیا ہے کہ وہ اُس کی مُستقبل کی دُلہن کاحِصّہ بنیں۔

ہمارے خُداوند کو اپنے باپ کے پاس واپس جانا تھا تا کہ وہ دُلہن کے لئے گھر تیار کرے۔

یوحنا 3:14 آیت:

''اور اگر مَیں جا کر تمہارے لئے جگہ تیار کروں تو پھر آ کر تمہیں اپنے ساتھ
لے لوں گا تا کہ جہاں مَیں ہوں تم بھی رہو۔''

دُلہن کو تیار کرنا ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ یہ بہت بڑا کام ہے جو کہ آدمی کے اِختیار سے باہر ہےلیکن جیسے کہ وعدہ کیا گیا ہے کہ زبور 18:68 آیت:

''تُو نے عالمِ بالا کو صعود فرمایا۔ تُو قیدیوں کو ساتھ لے گیا۔
تجھے لوگوں سے بلکہ سرکشوں سے بھی ہدیے مِلے تا کہ خُداوند خُدا اُن کے ساتھ رہے۔''

یہ اِنعام دیے دیئے گئے ہیں اور آج بھی جاری ہیں تا کہ دُلہن کو تیار کیا جائے۔ یعنی رُوح القدس کے ذریعے سے۔ کلیسیاء، منسٹریز، فصل کی کٹائی کام خُداوند، خُدا کا کلام،مسیح کا فضل، ساکرامنٹس، جنت، زِندگی کا درخت، اِیمان،مسیح کی واپسی کی اُمید، کلیسیاء کی قیامت، مسیح میں نئی پیدائش، آسمان پر اُٹھایا جانا، شادی اور خُدا کی بادشاہت میں واپسی۔ یہ تمام وعدے پہلے سے بتا دیئے گئے ہیں۔ اِن کی تصدیق مسیح خُداوند نے کی۔ رُوح القدس اِس کی تعلیم دیتا ہے۔

یہودا 14:1 آیت:

''اِن کے بارے میں حنوک نے بھی جو آدم سے ساتویں پُشت میں تھا یہ
پشینگوئی کی تھی کہ دیکھو خُداوند اپنے لاکھوں مُقدسوں کے ساتھ آیا۔''

یسعیاہ 12:62 آیت:

''اور وہ مُقدس لوگ اور خُداوند کے خریدے ہوئے کہلائیں گے اور تُو مطلوبہ
یعنی غیر متروک شہر کہلائے گی۔''

دانی ایل 13:7 آیت:

''مَیں نے رات کو رویا میں دیکھا اور کیا دیکھتا ہوں کہ ایک شخص آدم زاد کی مانند
آسمان کے بادلوں کے ساتھ آیا اور قدیم الایام تک پہنچا۔ وہ اُسے اُس کے حضور لائے۔''

لوقا 27:21 آیت:

''اُس وقت لوگ ابنِ آدم کو قدرت اور بڑے جلال کے ساتھ بادل میں آتے دیکھیں گے۔''

1-تھسلنیکیوں 16:4 آیت:

''کیونکہ خُداوند خود آسمان سے للکار اور مُقرب فرشتہ کی آواز اور خُدا کے نرسنگے کے ساتھ اُتر آئے گا اور پہلے تو وہ جو مسیح میں مُوئے جی اُٹھیں گے۔''

پہلی آمد نے جو برکتیں ہمیں دیں، دُنیا کے لئے وہ کم تر نظر آئیں۔ لیکن اگلی آمد یعنی دوسری آمد ایسی ہو گی جسے اِس دُنیا میں ہر کوئی دیکھے گا۔

مُکاشفہ 7:1 آیت:

''دیکھو وہ بادِلوں کے ساتھ آنے والا ہے اور ہر ایک آنکھ اُسے دیکھے گی اور جنہوں نے اُسے چھیدا تھا وہ بھی دیکھیں گے اور زمین پر کے سب قبیلے اُس کے سبب سے چھاتی پیٹیں گے۔ بے شک۔ آمین۔''

آیئے ہم دُعا کریں کہ اگلا سال جو ہمارے سامنے کھڑا ہے ہم اپنے خُداوند کے ساتھ سکُونت جاری رکھیں۔

1-یوحنا 28:2 آیت:

''غرض اَے بچو! اُس میں قائم رہو تاکہ جب وہ ظاہر ہو تو ہمیں دلیری ہو اور ہم اُس کے آنے پر اُس کے سامنے شرمندہ نہ ہوں۔''

یوحنا 5:15 آیت:

''مَیں انگُور کا درخت ہوں تم ڈالیاں ہو۔ جو مجھ میں قائم رہتا ہے اور مَیں اُس میں وہی بہت پھل لاتا ہے کیونکہ مجھ سے جُدا ہو کر تم کچھ نہیں کر سکتے۔''

اپاسٹلز کی حیثیت سے ہم آپ کو اگلے سال کے لئے ایک پھل دار سال کی نیک خواہشات پہنچاتے ہیں۔ جب ہم خُداوند کی آمد کا اِنتظار کرتے ہیں۔ اپاسٹل ڈارگ وِچ اور میری طرف سے آپ کو سلام۔

مسیح میں آپ کا بھائی

اپاسٹل کلِف فلور